رول نمبر اُمیدوار : ____________

| | | |
|---|---|---|
| اُردو (لازمی) پہلا گروپ | (1st A 424-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th | پرچہ II |
| وقت: 20 منٹ | معروضی ...... Code: 8023 | مارکس: 20 |

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

1 - " نیرنگ خیال " سے آپ کی نصابی کتاب کا جو سبق ماخوذ ہے
(A) نواب محسن الملک (B) محنت پسند خردمند (C) دستک (D) ایوب عباسی

2 - انیسویں صدی میں بہار میں جس مسلم تحریک نے جنم لیا
(A) ریشمی رومال تحریک (B) جہادی تحریک (C) فرائضی تحریک (D) مسلم تحفظ موومنٹ

3 - سرسید کی وفات کے بعد علی گڑھ کالج کا سیکرٹری جسے بنایا گیا
(A) نواب وقارالملک (B) نواب احسان الملک (C) نواب ظہورالملک (D) نواب محسن الملک

4 - چراغ حسن حسرت کولمبس اور سندباد جہازی کے قلمی ناموں سے جو کالم لکھا کرتے تھے
(A) سنجیدہ کالم (B) سیاسی کالم (C) مذہبی کالم (D) فکاہیہ کالم

5 - ابتدائی مسلمان حکمرانوں نے پیغام رسانی کے لیے جو جداگانہ محکمہ قائم کیا تھا
(A) دیوان الثرید (B) دیوان البرید (C) دیوان الجرید (D) دیوان الفرید

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

6 - انکے ______ بیوی بچے آگئے۔
(A) کی (B) کے (C) کا (D) کیں

7 - بہت سی جاگیریں بنواُمیہ کی طرف سے عنایت ______ ۔
(A) ہوئی تھی (B) ہوئی تھیں (C) ہوئیں تھیں (D) ہوئے تھے

8 - " تعزیراتِ پاکستان " چھپ ______ ۔
(A) گئے ہیں (B) گئی ہے (C) گیا ہے (D) گئیں ہیں

9 - ہمیشہ سچ بولو ______ شرمندگی سے بچے رہو۔
(A) تاکہ (B) اگر (C) کیونکہ (D) چونکہ

10 - چونکہ اسلم بیمار ہے ______ آج کالج نہیں آیا۔
(A) اس لیے (B) اگرچہ (C) تاکہ (D) مگر

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے: (5)

11 - سب سے مختصر ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے
(A) رابطہ (B) تفصیلیہ (C) وقفہ (D) سکتہ

12 - استفہامیہ کی تعریف ہے
(A) جملے کی وضاحت (B) پکارنا (C) تفصیل سے بیان کرنا (D) سوال کرنا

13 - قوسین کی علامت لگاتے ہیں
(A) مختصر ٹھہراؤ کے لیے (B) جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں (C) قول نقل کرنا (D) طویل ٹھہراؤ کے لیے

14 - حیرت کا اظہار کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے
(A) ؛ (B) :- (C) : (D) !

15 - وقفہ کی تعریف ہے
(A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (B) سکتہ سے کم ٹھہراؤ (C) ختمہ سے زیادہ ٹھہراؤ (D) مکمل ٹھہراؤ

(د) امدادی اُفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے: (5)

16 - لگنا
(A) وہ مجھے اچھا لگتا ہے (B) مجھے بھوک لگی ہے (C) تمھیں سیر کیسی لگی (D) گیند دیوار سے جا لگی

17 - اٹھنا
(A) میں صبح سویرے اٹھ بیٹھا (B) وہ مجھے دیکھتے ہی اُٹھ گیا (C) اسلم کو کلاس سے اٹھا دو (D) وہ درد کی شدت سے بلبلا اٹھا

18 - جانا
(A) تم فوراً جاؤ (B) مجھے سکول جانا ہے (C) کیا ہم جائیں (D) تم یہاں سے چلے جاؤ

19 - چاہنا
(A) تم کسے چاہتے ہو؟ (B) تم کیا چاہتے ہو؟ (C) بزرگوں کا ادب کرنا چاہیے (D) چاہنا کوئی بری بات نہیں

20 - رکھنا
(A) قلم کہاں رکھا ہے؟ (B) کتاب میز پر رکھ دو (C) مجھے روزہ رکھنا ہے (D) تم نے اسے سر پر بٹھا رکھا ہے